اشتہار نیلام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈی آئی خان فارسٹ ڈویژن کے حدود میں ڈی آئی خان فارسٹ سب ڈویژن میں کٹائی شدہ درختاں مختلف اقسام جنکی تفصیل ذیل میں دی گئی ہیں کو مورخہ 29/04/2026 بروز جمعرات بوقت 11 بجے دن بمقام سب ڈویژن آفس ڈی آئی خان میں نیلام کئے جائیں گے۔

نام سب ڈویژن	بمقام	لاٹ نمبر	قسم	نوعیت	والیوم(Cft)
ڈی آئی خان فارسٹ سب ڈویژن	ڈی آئی خان فارسٹ سب ڈویژن	01	مکس بالن	سٹیکڈ	2424.20
			ٹوٹل		2424.20

شرائط نیلام

1۔ ہر بولی دہندہ پیداوار جنگل کی معیاد اور مقدار کے متعلق بولی دینے سے پہلے اپنی تسلی کر سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اسکے علاوہ پیداوار جنگل کی پیمائش میں 5 فیصد کمی و بیشی پر دونوں فریقین کو اعتراض نہیں ہوگا۔

2۔ کوئی بھی شخص اگر لڑائی جھگڑا یا بد سلوکی کرے گا اور خریداروں کے ساتھ گٹھ جوڑ کرے گا تو اس کو زبردستی نیلامی کے حدود سے باہر نکال دیا جائے گا اور اگر لازمی ہوا تو ڈویژنل فارسٹ آفیسر یا متعلقہ مجاز آفسر اُسے بلیک لسٹ کرے گا۔

3۔ آفسر مجاز کو یہ اختیار حاصل ہے کہ کسی بھی بولی کو وجہ بتا کر مسترد کر دے۔

4۔ خریدار نیلامی میں حصہ لینے سے پہلے اس دستاویز پر اس لحاظ سے دستخط کرے گا کہ اِسکے تمام قواعد و شرائط اُسے منظور ہیں۔

5۔ اگر زیادہ بولی دینے والا اپنی بولی سے منحرف ہو جائے تو اسی صورت میں افسر مجاز کو اختیار حاصل ہو گا کہ وہ دوسرے نمبر والے بولی دہندہ کی بولی کو منظوری کیلئے زیر غور لائے بشرطیکہ وہ بولی دہندہ اس بات پر راضی ہو۔

6۔ حجم کی پیمائش (بیسل ایریا) فارمولے کی بنیاد پر کی گئی ہے جبکہ بالن ٹھوس حجم کی بنیاد پر کی گئی ہے۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ کل قیمت خرید کا ایک چوتھائی (1/4) حصہ بصورت زر بیعانہ موقع پر ادا کریگا۔ یہ رقم اگلے لاٹ کی نیلامی سے پہلے ادا کرنا ہوگا اگر بولی دہندہ/ خریدار باقی ماندہ قیمت خرید کار قم مقررہ وقت پر جمع کرنے میں ناکام ہوا تو اس صورت میں اُس کی طرف سے پہلے سے جمع شدہ ایک چوتھائی (1/4) حصہ رقم (زربیعانہ) بحق سرکار ضبط کیا جائے گا۔

8۔ کامیاب خریدار کو باقی ماندہ رقم خرید اور ڈیوٹی متعلقہ ڈی ایف او کی طرف سے مقرر معیاد (21 دن) میں جمع کرنا ہوگا اور منظوری کا حکم نامہ وصول ہونے کے بعد پیداوار جنگل کو محکمہ جنگلات کے ڈپو/مقام سے 15 دن کے اندر اندر ڈی ایف او کے طرف سے مقرر کردہ معیاد میں اُٹھانے/لے جانے کا پابند ہوگا۔ بصورت دیگر خریدا ہوا لاٹ منسوخ تصور کیا جائے گا اور پیداوار جنگل محکمہ کی تحویل میں واپس آجائے گا اسکے علاوہ زربیعانہ بھی منسوخ ہوگا انہی حالات میں بولی دہندہ/ خریدار کسی قسم کے عوضانے کا دعویٰ نہیں کرے گا۔

9۔ افسر مجاز ضرورت کے مطابق باقی ماندہ رقم خرید کی ادائیگی کے معیاد میں اپنی مرضی سے توسیع کر سکتا ہے۔ افسر مجاز مال اُٹھانے کی معیاد میں بھی اپنی صوابدید پر توسیع کر سکتا ہے یہ دونوں توسیع معیاد کل قیمت کا ایک فیصد (1%) کی رقم کی ادائیگی بصورت فیس سے مشروط ہوگی۔

10۔ خریدا ہوا پیداوار جنگل کامیاب بولی دہندہ/ خریدار کو حوالے کرنے کے بعد اُسکی حفاظت کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔

11۔ اگر دوران ڈھلائی محکمے کی پیداوار جنگل یا پرائیویٹ لوگوں کی جائیداد کو کسی قسم کا نقصان پہنچا تو اسکے عوضانے کی ادائیگی مالکان و حکومت کو خریدار خود کرے گا اور نقصان کا اندازہ متعلقہ ڈی ایف او اور ریونیو ڈیپارٹمنٹ باہمی مشاورت سے کریگا جن کا فیصلہ حتمی ہوگا اور وصول شدہ عوضانہ اس معاہدہ کا حصہ ہوگا۔

12۔ سیل ٹیکس، انکم ٹیکس اور مختلف رائج شدہ فی مکسر فٹ کے حساب سے برائے ٹمبر اور بحساب فی ٹرک برائے (FDF) ۔ حکومت کی طرف سے عائد کردہ ڈیوٹی فارسٹ ڈیویلپمنٹ فنڈ ختنی لکڑی کے علاوہ خریدار کی طرف سے قابل ادائیگی ہوگا جو کہ پیداوار جنگل اُٹھانے سے پہلے نافذ العمل ہوگا۔

13۔ پیداوار جنگل کی ڈھلائی محکمہ جنگلات کی نگرانی میں کی جائیگی اور اس مقصد کیلئے ٹرانسپورٹ پاس اور چالان جاری کیے جائینگے۔ کسی قسم کا لدھا ہوا مال بغیر دستاویزات کے غیر قانونی تصور ہوگا جسکے حکومت خیبر پختونخواہ آرڈیننس 2002 اور اس میں دیئے گئے رولز کے تحت کاروائی کی جائیگی۔

14۔ پیداوار جنگل کی ترسیل دوران طلوع سورج تا غروب آفتاب ہوگی۔

15۔ کامیاب بولی دہندہ/ خریدار محکمہ جنگلات کے علاوہ اور محکموں یا کسی تنظیم کی طرف سے عائد شدہ محصول چونگی ٹول ٹیکس یا اور کسی قسم کی عائد شدہ ٹیکسوں کی ادائیگی کا از خود ذمہ دار ہوگا۔

16۔ خریدار/ بولی دہندہ نیلام میں حصہ لینے سے پہلے ہر لاٹ کیلئے مبلغ 50000 روپے کا کال ڈیپازٹ بصورت ضمانت جمع کرے گا یہ ضمانت قابل واپسی ہوگی البتہ اپنی بولی سے منحرف ہونے کی صورت میں ضمانت کی یہ رقم بحق سرکار ضبط کی جائے گی۔

17۔ ان شرائط کو عملی جامہ پہنانے میں اگر کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو معاملہ چیف کنزرویٹر آف فارسٹ کو بھیجا جائیگا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا اور تمام فریقین کو یہ فیصلہ منظور ہوگا۔

ڈویژنل فارسٹ آفیسر ڈیرہ اسماعیل خان
فارسٹ ڈویژن ڈیرہ اسماعیل خان
فون نمبر 0966 9280181